# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 23 October-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۳/اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ اسمبلی انتخابات کا نوٹیفکیشن جاری؛ امیدواری عریضے داخل کرنے کا آغاز؛ چھترپتی سنبھاجی نگر سے ایک‘ لاتور سے پانچ‘ جالنہ‘ پربھنی‘ بیڑ اضلاع سے تین، تین اور ناندیڑ پارلیمانی حلقے کیلئے ایک امیدواری عریضہ داخل۔

☆ شیوسینا کے امیدواروں کی پہلی فہرست جاری؛ پیٹھن سے ولاس بھومرے اور جالنہ سے ارجن کھوتکر میدان میں۔

☆ ایم این ایس کی جانب سے آشٹی سے کیلاس دریکر‘ گیورائی سے میوری مہسکے اور اوسا سے شیو کمار ناگراڑے امیدوار۔

☆ پانچویں قومی آبی ایوارڈس کی تقسیم؛ مہاراشٹر کو مختلف زمروں میں پانچ ایوارڈ۔ اور۔۔۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ریاستی اسمبلی کے انتخابات کا نوٹیفکیشن کل جاری کردیا گیا اور ریاست بھر میں کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا۔ آئندہ 29 اکتوبر تک امیدواری درخواستیں جمع کرائی جاسکتی ہیں اور 30 اکتوبر کو جمع کردہ درخواستوں کی چھان بین کی جائے گی‘ جبکہ 4 نومبر تک درخواستیں واپس لی جاسکتی ہیں۔ ناندیڑ پارلیمانی حلقے کے ضمنی انتخاب کیلئے بھی پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کا عمل اسمبلی انتخابات کے شیڈول کے مطابق کیا جائے گا۔ ریاست بھر میں 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے اور 23 نومبر کو ووٹوں کی گنتی کی جائیگی۔

پربھنی اور جنتور اسمبلی حلقوں میں کل کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کے پہلے دن فی کس ایک امیدواری عریضہ داخل کیا گیا۔ جبکہ پاتھری اسمبلی حلقہ میں کل، 18 خواہشمندوں نے 52 پرچے حاصل کیے اور راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے سابق رکنِ اسمبلی بابا جانی درانی نے بحیثیت آزاد امیدوار اپنا عریضہ داخل کیا۔ گنگا کھیڑ اسمبلی حلقے سے کل‘ 17 خواہش مندوں نے 27 امیدواری پرچے حاصل کیے۔

ہنگولی ضلعے کے تینوں اسمبلی حلقوں سے کل 153 نامزدگی پرچے فروخت ہوئے، تاہم ایک بھی پرچہ نامزدگی داخل نہیں کیا گیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں، اسمبلی انتخابات کیلئے 200 سے زائد امیدواروں نے 411 امیدواری پرچے حاصل کیے، جبکہ پارلیمنٹ کے ضمنی انتخاب کیلئے 25 امیدواروں نے 45 کاغذاتِ نامزدگی حاصل کیے۔ ان میں سے ایک آزاد امیدوار ظفر علی خان پٹھان نے کل لوک سبھا حلقہ کیلئے اپنا امیدواری عریضہ داخل کیا جبکہ اسمبلی حلقوں کیلئے کل ایک بھی درخواست جمع نہیں کی گئی۔

***** ***** *****

جالنہ ضلعے میں کل دو افراد نے تین امیدواری درخواستیں داخل کیں۔ گھن ساونگی انتخابی حلقہ سے شیوسینا ادھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے شیواجی راؤ چوتھے نے دو اور جالنہ اسمبلی حلقہ کیلئے ملند بورڈے نے بطورِ آزاد امیدوار نامزدگی پرچہ داخل کیا۔ ضلع کے پانچ اسمبلی حلقوں سے 158 امیدواروں نے 403 نامزدگی پرچے حاصل کیے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلعے کے نو اسمبلی حلقوں سے کل 268 خواہشمندوں نے 587 عریضے حاصل کیے، جبکہ گنگا پور اسمبلی حلقے سے آزاد امیدوار بابا صاحب تا تیا راؤ لگڑ نے اپنا امیدواری عریضہ جمع کیا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے چار اسمبلی حلقوں کیلئے کل 99 خواہش مند امیدواروں نے 214 امیدواری پرچے حاصل کیے۔ تاہم کسی بھی امیدوار نے اپنی درخواست نامزدگی جمع نہیں کروائی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں پہلے ہی دن 483 امیدواری پرچے حاصل کیے گئے، جبکہ تین آزاد امیدواروں نے عریضے داخل کیے ہیں۔

لاتور ضلعے کے احمد پور سے پانچ آزاد امیدواروں نے امیدواری عرضیاں داخل کی ہیں۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کیلئے شیوسینا نے 45 امیدواروں کی پہلی فہرست کل جاری کردی۔ پارٹی کے قائد ایکناتھ شندے کوپری پاچ پاکھڑی حلقے سے انتخاب لڑیں گے۔ اس فہرست میں مراٹھواڑہ کے دس امیدواروں کے نام شامل ہیں۔ ان میں اورنگ آباد وسطی اسمبلی حلقے سے پردیپ جیسوال، اورنگ آباد مغربی حلقہ سے سنجے شرساٹ، سلوڑ عبدالستار، پیٹھن ولاس بھومرے اور ویجاپور سے رمیش بورنارے کو امیدواری دی گئی ہے۔ جبکہ ناندیڑ شمالی حلقے سے بالاجی کلیانکر، کلمنوری سے سنتوش بانگر، عمرگہ گیان راج چوگلے، پرانڈا تاناجی ساونت اور جالنہ انتخابی حلقے سے ارجن کھوتکر کو امیدواری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر نونرمان نے بھی کل 45 امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کی۔ ممبئی کے ماہم حلقے سے امیت ٹھاکرے انتخاب لڑیں گے۔ اس کے علاوہ مراٹھواڑہ میں آشٹی سے کیلاس دریکر، گیورائی سے میوری مہسکے کو اور شیوکمار ناگراڑے اوسا انتخابی حلقے سے اپنی قسمت آزمائیں گے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

بی جے پی قائد و سابق رکنِ پارلیمان نلیش رانے آج سندھو دُرگ ضلعے کے کڈاڑ میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں منعقدہ ایک جلسہ عام میں شیوسینا میں شمولیت اختیار کریں گے۔ کل کڈاڑ میں منعقدہ ایک صحافتی کانفرنس میں نیلیش رانے نے یہ جانکاری دی۔

***** ***** *****

بیڑ کے بی جے پی رہنما راجندر مہسکے نے کل ممبئی میں راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے صدر شرد پوار سے ملاقات کی۔ مہسکے نے دو دن پہلے ہی بی جے پی کے ضلع صدر عہدے سے استعفیٰ دیا ہے۔

***** ***** *****

بھارتیہ جنتا پارٹی کے رہنما اور سابق وزیر برائے سماجی انصاف راج کمار بڈولے کل راشٹروادی کانگریس پارٹی میں شامل ہوگئے۔ ممبئی میں نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی موجودگی میں انھوں نے پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں مجلسِ اتحادالمسلمین کے کارگزار ریاستی صدر ڈاکٹر عبدالغفار قادری نے گزشتہ روز پارٹی سے استعفیٰ دے دیا۔ انھوں نے بتایا کہ وہ اورنگ آباد مشرقی حلقے سے انتخاب لڑرہے ہیں اور پارٹی کی جانب سے امیدواری نہ دیئے جانے کے بعد انھوں نے یہ فیصلہ لیا ہے۔ ڈاکٹر قادری نے پارٹی رہنما و سابق رکنِ پارلیمان سیّد امتیاز جلیل پر بھی سنگین الزامات عائد کیے۔

***** ***** *****

ریاست کے 50 فیصد رائے دہی مراکز پر رائے دہی کے دن ویب کاسٹنگ کی جائے گی۔ ریاست کے چیف الیکٹورل آفیسر ایس۔ چوک لنگم نے کل شعبۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ کو دیئے گئے ایک انٹرویو کے دوران یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

قومی سطح کے پانچویں آبی ایوارڈس کل نئی دہلی میں صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو کے ہاتھوں تقسیم کیے گئے۔ مرکزی جل شکتی وزارت کی جانب سے نو زمروں کے 38 افراد کو یہ ایوارڈ دیئے گئے۔ ان میں بہترین ریاست کے درجے میں اوّل انعام اُڑیسہ کو دیا گیا۔
مہاراشٹر کو مختلف زمروں میں پانچ ایوارڈس دیئے گئے۔ بہترین شہری مقامی ادارے کے زمرے میں پونے میونسپل کارپوریشن کو تیسرا انعام‘ بہترین صنعتی زمرے میں ریمنڈ یوکو ڈینم پرائیویٹ لمیٹیڈ کمپنی کو تیسرا‘ بہترین آبی انتظامات میں بلڈانہ کے پین گنگا ندی پر پین ٹاکلی منصوبے کو اوّل اور بہترین شہری سماج زمرے میں پہلا اور دوسرا انعام بالترتیب BAIF ڈیولپمنٹ ریسرچ فاؤنڈیشن پونے اور ناسک یوامتر کو حاصل ہوا ہے۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کی مناسبت سے آکاشوانی پر روزانہ شام سات بجکر دس منٹ پر ’’آڑھاوا دھان سبھا متدار سنگھانچا‘‘ پروگرام نشر کیا جارہا ہے۔ آج اس پروگرام میں پال گھر ضلع کے انتخابی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے پیٹھن میں واقع جائیکواڑی آبی پشتہ لبریز ہوچکا ہے؛ اہلیہ نگر اور ناسک اضلاع کے آبی پشتوں سے جائیکواڑی میں پانی کی آمد ہنوز جاری ہے، جس کے پیشِ نظر جائیکواڑی منصوبے کے 10 دروازوں سے تقریباً پانچ ہزار 240 مکعب فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی گوداوری ندی میں چھوڑا جارہا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے میں پچاس ہزار روپئوں سے زیادہ رقم غیر ضروری طور پر حمل برداری کرنے والے افراد کیخلاف ضابطۂ اخلاق کے ضابطوں کے تحت کارروائی کی جائے گی۔ اس کیلئے ضلع میں 130 دستوں کو تعینات کیے جانے کی اطلاع ضلع پریشد سی ای او وکاس مینا نے دی ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں اسمبلی انتخابات کے ضابطہ اخلاق کے نفاذ کے بعد سے C-Vigil ایپ پر جملہ 910 شکایات درج ہوئی ہیں، جن میں سے 899 شکایات کو انتخابی کمیشن نے حل کیا ہے۔ ریاست کے کارگذار انتخابی افسر ڈاکٹر کرن کلکرنی نے یہ جانکاری دی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے میں اُمید مہم میں ایک لاکھ 82 ہزار 200 سیلف ہیلپ گروپ کی خواتین نے کل ایک ہی وقت میں مختلف گاؤں میں رائے دہی بیداری کا حلف لیا۔ ضلع کلکٹر و الیکشن فیصلہ افسر ابھیجیت راوَت اور اُمید کے ضلع مہم کے جوائنٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر سنتوش تکا بلے کی رہنمائی میں یہ پروگرام منعقد ہوا۔

***** ***** *****

بھارت اور نیوزی لینڈ کے مابین تین ٹسٹ میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ کل جمعرات سے پونہ میں کھیلا جائے گا۔ بنگلورو میں ہوئے پہلے ٹسٹ مقابلے میں جیت حاصل کر کے نیوزی لینڈ نے ایک صفر کی بڑھت حاصل کی ہے۔ تیسرا اور آخری ٹسٹ مقابلہ ممبئی میں یکم نومبر سے کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اسمبلی انتخابات کا نوٹیفکیشن جاری؛ امیدواری عریضے داخل کرنے کا آغاز؛ چھترپتی سنبھا جی نگر سے ایک، لاتور سے پانچ، جالنہ، پربھنی، بیڑ اضلاع سے تین، تین اور ناندیڑ پارلیمانی حلقے کیلئے ایک امیدواری عریضہ داخل۔

☆ شیوسینا کے امیدواروں کی پہلی فہرست جاری؛ پیٹھن سے ولاس بھومرے اور جالنہ سے ارجن کھوتکر میدان میں۔

☆ ایم این ایس کی جانب سے آشٹی سے کیلاس دریکر، گیورائی سے میوری مہسکے اور اوسا سے شیوکمار ناگراڑے امیدوار۔

اور۔۔۔☆ پانچویں قومی آبی ایوارڈس کی تقسیم؛ مہاراشٹر کو مختلف زمروں میں پانچ ایوارڈ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****